1) کن تھنگ میتھوڈسٹ سوشل سروس

روز مرہ کھانے کے لیے نیٹ ورک عارضی بنیادوں پر کھانا فراہم کرنے کی سہولت

ضرورت مند افراد یا خاندانوں کو عارضی بنیادوں پر کھانا فراہم کرنا۔

تعارف/ خلاصہ:

2009 سے، روز مرہ کھانے کے لیے نیٹ ورک عارضی بنیادوں پر کھانا فراہم کرنے کی سہولت (DMN) سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ (SWD) کے تعاون سے محدود وقت کے منصوبے کی شکل میں پیش کی جا چکی ہے ۔ ایسٹ کولون اور کن تھنگ ڈسٹرکٹس میں بھی مشترکہ ماڈل کے تحت یہ سہولت دی جاتی ہے، ان افراد یا خاندانوں کے لیے عارضی بنیادوں پر کھانا فراہم کرنے کی سہولت دی جاتی ہے جنھیں روز مرہ کھانے کے اخراجات پورا کرنے میں مشکل پیش آتی ہے ۔SWD نے سہولت کو اگست 2021 میں باقاعدہ ترتیب دینا شروع کیا، ہم کن تھنگ ڈسٹرکٹ میں عارضی بنیادوں پر کھانا فراہم کرنے کی سہولت کی فراہمی جاری رکھیں گے۔

مقصد:

1. ضرورت مند افراد یا خاندانوں کو عارضی بنیادوں پر کھانا فراہم کرنے کی سہولت دینا اور رہنے سہنے کے اخراجات کے عارضی مسائل حل کرنا -
2. مستقل اقتصادی اور/یا فلاحی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مناسب حوالہ جاتی خدمات فراہم کرنا جو ممکنہ طور پر پیش آسکتی ہیں۔

سروس کے اہداف:

(1) کم آمدنی والے افراد اور خاندان، یا
(2) بے روزگار، یا
(3) نئے آنے والے افراد (ہانگ کانگ میں ایک سال سے کم عرصہ سے رہ رہے ہیں)، یا
(4) بنا رہائش کے افراد ، یا
(5) افراد یا خاندان جنھیں اچانک تبدیلیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے جیسا کہ بیماریاں، گھریلو تشدد، بنیادی اقتصادی ذرائع اور خاندان کے افراد کا نہ رہنا

درخواست کے لیے اہلیت:

1. درخواست دہندگان کی معقول اور واضح ضروریات ہونی چاہییں، اور عارضی بنیادوں پر کھانا فراہم کرنا ان کی زندگی کی عارضی مشکلات کو کم کر سکے اور انہیں مناسب مدد فراہم کر سکے۔
2. درخواست دہندگان لازمی طور پر کن تھنگ ڈسٹرکٹ میں رہتے ہوں۔
3. ماہانہ آمدن اور اثاثوں کی حدیں درج ذیل ہیں:

گھر کے افراد کی تعداد	ماہانہ آمدن کی حد	ماہانہ اثاثوں کی حد*
1 فرد یا انفرادی درخواست	$11,000	$105000
2 افراد	$18,700	$138000
3 افراد	$23,205	$20700
4 افراد	$27,420	$276000
5 افراد	$27,780	
6 یا زیادہ افراد	$30,120	

@"آمدن" میں MPF کا لازمی حصہ شامل نہیں ہے جو ملازمین کو ادا کرنا پڑتا ہے۔
(ملازمین کی تنخواہ کا 5%)

*60 سال سے زیادہ عمر کا ہر درخواست دہندہ یا گھر کا رکن اثاثہ جات میں $35,000 کی اضافی حد وصول کر سکتا ہے۔آمدن اور اثاثوں کی حدوں کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جاتا ہے اور SWD کی طرف سے تجدید کی جاتی ہے۔ اگر کوئی ترامیم ہوں، تو مزید نوٹس جاری کیا جائے گا۔

درخواست کا طریقہ کار:

1. درخواست دہندگان اپنے رہائش کے پتے کے مطابق قریبی DMN سروس پوائنٹ پر سہولت کے لیے درخواست دے سکتے ہیں،
2. درخواست دہندگان کو مکمل کردہ درخواست فارم اور اہلیت اور ضرورت کی جانچ پڑتال کے لیے درج ذیل کاغذات لانے ہوتے ہیں:
   a. درخواست دہندہ اور اس کے خاندان کے افراد کے ID کارڈ؛
   b. رہائشی پتے کا ثبوت، جیسے کرایے کا معاہدہ، سرکاری سہولت کا بل؛
   c. درخواست دہندہ اور اس کے خاندان کے افراد کی آمدن اور بچت کا گوشوارہ؛
3. اگر درخواست دہندگان مطلوبہ کاغذات جمع کرانے میں ناکام رہتے ہیں، تو ان کی درخواست تاخیر کا شکار ہو سکتی ہے یا بالآخر مسترد کر دی جا سکتی ہے؛
4. درخواست دہندگان اپنی درخواست کو مضبوط کرنے کے لیے دیگر اضافی معلومات فراہم کرسکتے ہیں، جیسے کہ فالو اپ مشاورتی سرٹیفکیٹ، وغیرہ۔
5. درخواست کی منظوری کا حتمی فیصلہ DMN کے پاس محفوظ ہے۔

سروس کے قواعد:

1. DMN درخواست دہندگان کی ضروریات کی جانچ پڑتال کے نتائج کے مطابق مختلف اوقات کے لیے آٹھ ہفتوں تک کی امداد فراہم کرے گا۔
2. تقسیم کیا جانے والا کھانا بنیادی طور پر خشک کھانا ہوتا ہے جیسے چاول، ڈبہ بند کھانا، کھانے کے کوپن اور خوراک کے کوپن؛ انفرادی ضروریات کے مطابق خصوصی کھانوں کا اہتمام کیا جاتا ہے، جیسے بچوں کے دودھ کا پاؤڈر اور کھانا، صحت مند خصوصی کھانے، نسلی اقلیتی کھانے، وغیرہ۔
3. سہولت استعمال کرنے والوں کو ہفتے میں ایک بار متفقہ وقت اور جگہ سے کھانا لینا چاہیے۔ سرکاری چھٹیوں کے موقع پر خصوصی انتظامات کیے جائیں گے۔
4. تمام خوراک کے لیےحکومت فنڈ دیتی ہے. اگر سہولت استعمال کرنے والوں کو سہولت کی مزید ضرورت باقی نہ رہے، تو براہ کرم سہولت فراہم کرنے والی تنظیم کو مطلع کریں کہ وہ دوسرے ضرورت مند لوگوں میں خوراک تقسیم کرے۔

روز مرہ کھانے کے لیے نیٹ ورک عارضی بنیادوں پر کھانا فراہم کرنے کی سہولت کا پوائنٹ اور پارٹنر کی معلومات (*ملاقات کے لیے پہلے کال کرنا ضروری ہے)

معاون پارٹنر سروس پوائنٹ

کن تھنگ میتھوڈسٹ سوشل سروس
روز مرہ کھانے کے لیے نیٹ ورک عارضی بنیادوں پر کھانا فراہم کرنے کی سروس ٹیم
ٹیلی فون: 2322 2342 فیکس: 2363 2342
پتہ: Room 1014, 10/F, Chevalier Commercial Centre, 8 Wang Hoi Road, Kowloon Bay

(کولون بے MTR ایگزٹ A)
سہولت فراہم کرنے کی جگہ: آن تات، آن تائی، رچلینڈ گارڈنز، کائی یپ

کن تھنگ میتھوڈسٹ سوشل سروس
اگیپ کمیونٹی کیئر سینٹر
ٹیلی فون: 2727 6036 فیکس: 2727 6076
پتہ: 1-10, G/F., Tsui Yung House, Tsui Ping Estate, Kwun Tong
(کن تھنگ MTR ایگزٹ D1)
سہولت فراہم کرنے کی جگہ: وان ہون، چھوئی پنگ، ساؤ ماؤ پنگ پو تات، شون آن، شون لی، شو ٹن، شون چی کورٹ، کن تھنگ انڈسٹریل ایریا

کن تھنگ میتھوڈسٹ سوشل سروس
ناؤ تاؤ کوک یوتھ انٹیگریٹڈ سروس سینٹر
ٹیلی فون: 2342 2245 فیکس: 2709 0456
پتہ: 189, Ngau Tau Kok Road, The Central Plaza, Upper Ngau Tau Kok Estate, Kwun Tong, Kowloon
(کولون بے MTR ایگزٹ A)
سہولت فراہم کرنے کی جگہ: تاک فوک گارڈن، اموئے گارڈن، تاک بو گارڈن، چھوئی ہا روڈ، پنگ شیک، جارڈن ویلیری، ناؤ تاؤ کوک

کن تھنگ میتھوڈسٹ سوشل سروس
لام تھین نیبرہڈ ایلڈرلی سینٹر
ٹیلی فون: 2346 6775 فیکس:2346 6460
پتہ:Unit 5, G/F., Ping Yan House, Ping Tin Estate, Lam Tin, Kowloon
(لام تین MTR ایگزٹ A1)
سہولت فراہم کرنے کی جگہ:کائی تھین، پنگ تھین، آن تھین، کانگ تھین، ہنگ تھین، سین وے گارڈن، کائی تین ٹاور، لی آن کورٹ، ہانگ گا کورٹ، ہانگ واہ کورٹ، ہانگ یات کورٹ،

کن تھنگ میتھوڈسٹ سوشل سروس
ایلڈرلی کونسرن سینٹر
ٹیلی فون: 2342 2452 فیکس: 2342 2310
پتہ: Flat G-003, G/F., Lotus Tower 1, Kwun Tong Garden Estate, 297 Ngau Tau Kok Road, Kowloon
(گاؤ تاؤ کک MTR ایگزٹ B2)
سہولت فراہم کرنے کی جگہ: لوک واہ، گارڈن اسٹیٹ، تنگ آن سٹریٹ، یی آن سٹریٹ

کرسچن اینڈ مشنری الائنس یاؤ لائی نیبرہڈ ایلڈرلی سینٹر
ٹیلی فون: 3526 0460 فیکس: 2775 2557
پتہ: G/F., Tsui Lai House, Yau Lai Estate, Yau Tong, Kowloon
(یاؤ تونگ MTR ایگزٹ A)
سہولت فراہم کرنے کی جگہ: یاؤ لائی، یاؤ تونگ، لی یو من، سام کا چھوین، لگونا زیٹی، چا کوو لنگ